نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ مکئی کے لئے منظور شدہ اقسام اور کھادوں کی سفارشات جاری کردیں

لاہور19 جنوری2023: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق صوبہ پنجاب میں مکئی کی کاشت قریباً20 لاکھ ایکڑ پر کی جاتی ہے۔ بہاریہ مکئی کی کاشت جنوری کے آخری عشرے سے فروری کے آخر تک کی جاتی ہے۔ بہاریہ مکئی کی کاشت کے لئے کاشتکار محکمہ زراعت کی **منظور شدہ ہائبرڈ اقسام** وائی ایچ-1898، ایف ایچ-988، ایف ایچ-1046، وائی ایچ-5427 اور وائی ایچ-5482 کی کاشت کریں جبکہ **مکئی کی عام منظور شدہ اقسام** میں گوہر-19، ساہیوال گولڈ، سمٹ پاک، پاپ-1، سویٹ-1 اور ملکہ-2016 کی کاشت کریں۔ بہاریہ مکئی سے فی ایکڑ زیادہ پیداوار لینے کے لئے متوازن کھادوں کا استعمال بیحد ضروری ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ مکئی کے کاشتکار **ہائبرڈ اقسام** کے لئے **کمزور زمین** میں بوقت بوائی تین بوری ڈی اے پی + دو بوری ایس او پی + ایک چوتھائی بوری یوریا استعمال کریں۔ **درمیانی زمین** کے لئے اڑھائی بوری ڈی اے پی + ڈیڑھ بوری ایس او پی جبکہ **زرخیز زمین** میں بوقت بوائی دو بوری ڈی اے پی + ایک بوری ایس او پی استعمال کریں۔ **مکئی کی عام اقسام** کے لئے بوقت بوائی **کمزور زمین** میں اڑھائی بوری ڈی اے پی + ڈیڑھ بوری ایس او پی جبکہ **درمیانی زمین** میں ڈیڑھ بوری ڈی اے پی + ڈیڑھ بوری ایس او پی۔ اس کے علاوہ زرخیز زمین میں ڈیڑھ بوری ڈی اے پی + ایک بوری ایس او پی استعمال کریں۔ مکئی کی متوازن کھادوں کے استعمال سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔ کاشتکار اپنے دستیاب بجٹ کے مطابق مکئی کی متوازن کھادوں کے استعمال کے لئے موبائل ایپ" کھاد حساب" سے بھی راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆